# کیا آپ کو پارکنگ ٹکٹ ملا ہے یا بذریعہ کیمرہ ٹریفک خلاف ورزی

# کا مرتکب پایا گیا ہے؟

NYC
Department of Finance

nyc.gov/finance

# اب کیا ہو گا؟


آپ کو کسی ٹکٹ کا 30 دن کے اندر لازمی طور پر جواب دینا چاہیئے۔ اس کے بعد تاخیر کے جرمانے اور سود لگتا رہے گا جب تک کہ آپ اپنے ٹکٹ کی ادائیگی نہ کر دیں یا اس پر اعتراض نہ کریں۔ تیسرا جرمانہ لگنے کے بعد آپ کی گاڑی کے بوٹ (boot) کئے جانے یا کھینچ (tow) کر لے جائے جانے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

## اگر میری گاڑی کو بوٹ (BOOT) کر دیا جائے یا کھینچ (TOW) کر لے جایا جائے تو کیا ہو گا؟

اگر اسے بوٹ کر دیا گیا ہے تو اپنی گاڑی پر لگائے جانے والے بوٹنگ (booting) کے نوٹس میں موجود ہدایات کی پیروی کریں۔ اپنے نوٹس پر دیئے گئے فون نمبر پر کال کریں، واجب الادا رقم ادا کریں اور بوٹ اتروائیں۔ اگر آپ کی گاڑی کو کھینچ کر لے جایا گیا ہے تو اسے nyc.gov/finance پر تلاش کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔

# جرمانوں سے بچیں ان میں اضافہ ہو سکتا ہے

جب پارکنگ ٹکٹ* کا جواب نہیں دیا جاتا تو دیکھیں اس کی رقم کیسے بڑھتی ہے۔




* اگر بذریعہ کیمرہ ٹریفک خلاف ورزی کا جواب نہ دیا جائے تو 30 دن کے بعد $25 جرمانے کا اضافہ ہو جائے گا۔ سود بھی لگایا جا سکتا ہے۔

# ادائیگی کیسے کی جائے

**موبائل ایپ**

nyc.gov/payordispute سے موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

**ویب سائٹ**

nyc.gov/finance پر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں

**بذریعہ ڈاک**

اپنے ٹکٹ کے ساتھ ملفوف لفافہ استعمال کریں

**ذاتی طور پر**

کسی نیویارک شہر کے شعبۂ مالیات کے کاروباری مرکز (NYC Department of Finance Business Center) پر رکیں۔

## نیویارک شہر کے شعبۂ مالیات کے کاروباری مراکز

**BRONX:**
3030 3rd Avenue,
2nd floor

**BROOKLYN:**
210 Joralemon Street

**MANHATTAN:**
66 John Street,
2nd floor

**QUEENS:**
144-06 94th Avenue,
Jamaica

**STATEN ISLAND:**
350 St. Marks Place

**اوقات کار**

پیر-جمعہ
صبح 8:30 سے سہ پہر 4:30
(عوامی تعطیلات میں بند ہوتے ہیں)

# اپنے ٹکٹ کی ادائیگی کریں
# یا اس پر اعتراض کریں

آپ کے ٹکٹ کی ادائیگی یا اس پر اعتراض کرنے کے چند ایک طریقے ہیں۔ اگر آپ کا ٹکٹ مشین سے پرنٹ کیا گیا ہے تو کچھ ہی دنوں کے اندر ہماری ویب سائٹ پر معلومات دستیاب ہو جائیں گی۔ ہاتھ سے لکھے گئے ٹکٹ ہماری ویب سائٹ پر تقریباً 3 ہفتے میں دستیاب ہو جاتے ہیں۔ آپ کے ذمے کتنی رقم ہے اور آیا آپ کے ٹکٹ پر قانونی کارروائی ہو رہی ہے یا نہیں، یہ جاننے کے لیے اپنے ٹکٹ کی معلومات یا لائسنس پلیٹ کی معلومات درج کریں۔ مندرجہ ذیل چارٹ یہ بتاتا ہے کہ ہماری ویب سائٹ اور موبائل ایپ پر کون سی خدمات دستیاب ہیں۔

| موازنہ کریں | ویب سائٹ | موبائل ایپ |
|---|---|---|
| ہمارے سسٹم میں پہلے سے موجود کسی ٹکٹ کی ادائیگی کریں | ✓ | ✓ |
| ہمارے سسٹم میں تاحال غیر موجود کسی ٹکٹ کی ادائیگی کریں | ✓ | ✓ |
| ہمارے سسٹم میں پہلے سے موجود کسی ٹکٹ پر اعتراض کریں | ✓ | ✓ |
| ہمارے سسٹم میں تاحال غیر موجود کسی ٹکٹ پر اعتراض کریں | ✓ | ✓ |

## میں اپنے ٹکٹ پر اعتراض کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنے ٹکٹ پر اعتراض آن لائن، بذریعہ موبائل ایپ، بذریعہ ڈاک یا ذاتی طور پر حاضر ہو کر، کر سکتے/سکتی ہیں۔ اعتراض کردہ ٹکٹوں میں سے تقریباً نصف ختم ہو جاتے ہیں۔

- اگر آپ پارکنگ کے نشانات کی تصاویر بھیج رہے/رہی ہیں تو اسٹریٹ کی جس جانب آپ نے پارکنگ کی تھی اس طرف کے تمام نشانات شامل کریں۔ تصاویر کونے سے کونے تک پورے بلاک کی ہونی چاہیئں جن میں نشانات کا سامنے کا حصہ اور عقبی حصہ، دونوں نظر آنے چاہیئں۔ اسٹریٹ کے نام کی تصویر بھی شامل کریں۔
- اگر آپ ہمیں بتانا چاہتے/چاہتی ہیں کہ ہمارے پاس موجود آپ کی رجسٹریشن کی معلومات غلط ہیں تو ہمیں رجسٹریشن کی درست معلومات کی ایک نقل ارسال کریں۔
- اگر آپ ہمیں پارکنگ پرمٹ کی نقل بھیج رہے/رہی ہیں تو یقینی بنائیں کہ پرمٹ اس علاقے کے لیے درست ہو جہاں آپ نے پارکنگ کی تھی۔

## کسی ٹکٹ پر اعتراض کرنے کے بعد مجھے جج کا فیصلہ کیسے موصول ہو گا؟

اگر آپ کی سماعت آن لائن یا بذریعہ ڈاک منعقد ہوئی تو ہم فیصلہ آپ کو ارسال کریں گے۔ اگر آپ کسی نیویارک شہر کے شعبۂ مالیات کا کاروباری مرکز میں سماعت کے لیے بذات خود حاضر ہوئے تھے/ہوئی تھیں تو آپ کو اسی وقت فیصلہ مل جائے گا۔ اگر فیصلہ آپ کو مزید ثبوت مہیا کرنے کے لیے کہتا ہے تو ہدایات پر پوری طرح عمل کریں اور اپنے ٹکٹ کا نمبر شامل کریں۔ اگر آپ کو قصور وار پایا جائے تو آپ کے پاس 30 دن کے اندر اپیل کرنے کا حق ہوتا ہے۔

# اس کا مطلب کیا ہے
# کہ میرے ٹکٹ پر
# قانونی کارروائی ہو رہی ہے؟

اگر آپ تقریباً 100 دن کے اندر اپنے ٹکٹ کی ادائیگی نہیں کرتے/کرتیں یا اس پر اعتراض نہیں کرتے/کرتیں تو اس پر قانونی کارروائی شروع ہو جائے گی۔ اس کا مطلب ہے کہ سٹی آپ کے خلاف کل رقم جمع جرمانے اور سود کا ڈیفالٹ فیصلہ حاصل کرنے کے لیے قانونی قدم اٹھا لیتا ہے۔ آپ کا نام عوامی عدالت کے ریکارڈ میں درج کر دیا جاتا ہے کہ آپ پر رقم واجب الادا ہے۔ سٹی واجب الادا رقم کی وصولی کے لیے اقدامات کر سکتا ہے جیسے کہ معاملہ وصولی کی ایجنسی کے سپرد کرنا یا آپ کے اثاثوں کی ضبطی۔ اگر وہ رقم جس پر قانونی کارروائی ہو رہی ہے، $350 سے زیادہ ہے تو آپ کی گاڑی کو بوٹ (boot) کیا یا کھینچ (tow) کر لے جایا جا سکتا ہے۔ جس ٹکٹ پر قانونی کارروائی ہو رہی ہو، آپ اس پر سماعت کی درخواست صرف اسی صورت میں کر سکتے/سکتی ہیں کہ اگر ٹکٹ پر قانونی کارروائی شروع ہوئے ایک سال سے کم عرصہ گزرا ہو۔ آپ کو ایک فارم (nyc.gov/finance) پر دستیاب ہے) مکمل کرنا ہو گا اور قانونی کارروائی کے بعد سماعت کے لیے رسمی درخواست کرنا ہو گی۔ ایک جج فیصلہ کرے گا کہ آپ کی درخواست مانی جائے یا نہیں۔ جج سے اپنی درخواست کے حق میں فیصلہ لینے کے لیے آپ کو ثابت کرنا ہو گا کہ آپ کا دفاع جائز بنیادوں پر ہے۔ آپ کو اس بات کی بھی معقول وجہ بتانی ہو گی کہ آپ ٹکٹ پر قانونی کارروائی شروع ہونے سے قبل جواب دینے میں ناکام کیوں ہوئے/ہوئیں۔

**مزید معلومات کے لیے**
**nyc.gov/finance ملاحظہ کریں**



nyc.gov/finance

NYC
Department of Finance